CAREERINDIA

**Set-4**

**Series &RQPS**

کوڈ **Q.P.**
**Q.P. Code** **3**

رول نمبر
**Roll No.**

امیدوار Q.P. کوڈ کو جوابی کاپی کے سرورق پر ضرور لکھیں۔
Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

# اُردو(کور)

# URDU (Core)

مقررہ وقت : *3* گھنٹے

*Time allowed : **3** hours*

کل نمبر : *80*

*Maximum Marks : **80***

**نوٹ:**

(I) آپ جانچ لیجیے کہ اس سوالنامہ میں چھپے ہوئے صفحات کی تعداد **7** ہے۔

(II) آپ دیکھ لیجیے کہ سوالنامہ میں چھپے سوالات کی تعداد **11** ہے۔

(III) سوالنامے کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔

(IV) **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا نمبر جوابی کاپی پر لکھنا لازمی ہے۔**

(V) سوالنامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوالنامہ صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران جوابی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

www.careerindia.com

## عام ہدایات:

(i) یہ سوالنامہ 2 حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔
(ii) اس سوالنامے میں کل 11 سوالات ہیں۔
(iii) حصہ (الف) میں سوال نمبر 1 تا 5 ہیں۔
(iv) حصہ (ب) میں سوال نمبر 6 تا 11 ہیں۔
(v) مخصوص ہدایات کے مطابق سوالات کے جوابات لکھیے۔
(vi) جواب لکھنے سے پہلے سوال کا نمبر جوابی کاپی پر لکھنا لازمی ہے۔

**General Instructions :**

(i) Question paper is divided into **2** Sections.
(ii) It has total **11** Questions.
(iii) **Section A** : Q. No. **1** to **5**
(iv) **Section B** : Q. No. **6** to **11**
(v) Attempt questions as per specific instructions.
(vi) Write Question No. in Answer-book before attempting it.

### حصہ-الف (Section-A)

.1 مندرجہ ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور ان سے متعلق سوالوں کے جواب لکھیے: **5 × 2 = 10**

"کرشن چندر نے آرام و آسائش کے ساتھ بچپن گزارا۔ ان کے والد ڈاکٹر تھے۔ اس لئے اچھی پوزیشن کے مالک تھے ہر قسم کی سہولت انھیں حاصل تھی۔ خوش حالی اور آسودہ گھر کے لڑکوں کی طرح انھوں نے کھیل کود میں دل چسپی لی۔ کرکٹ کھیلا اور اندھے (Blind) بیٹس مین کہلائے۔ اور ان کی بھائی مہندر ناتھ فاسٹ بالر۔ کھیل کود کے علاوہ ڈراموں میں کام کرنے کا بھی بے حد شوق تھا۔ ایک بار مہابھارت میں ارجن کا بھی پارٹ کیا تھا۔ سنگیت میں بھی دل چسپی تھی۔ ساتویں، آٹھویں جماعت میں تھے پینٹنگ کا بھی بے حد شوق تھا لیکن خاطر خواہ ہمت افزائی نہیں ہوئی۔ نویں اور دسویں جماعت میں آئے تو ان کی دل چسپی ڈراموں میں ہوگئی۔ کرشن چندر کی ماں ڈراموں اور راس دھاریوں کے سخت خلاف تھیں۔ اور کرشن چندر اتنے ہی شوقین۔ پڑھنے کے بہانے راس دھاریوں کی محفلوں میں شریک ہوتے۔

جو ڈراما سب سے پہلے دیکھا وہ "خون ناحق" آغا حشر کا لکھا ہوا ہیملٹ کا چربہ تھا۔ باقی اسکول میں شاعری کا شوق چرایا۔ ایک بار اپنے استاد دینا ناتھ شوق کو اپنی شاعرانہ کاوش دکھائی۔ دینا ناتھ شوق نے بری طرح مذاق اڑایا اور سخت سست کہا اس طرح شاعری کا خیال ذہن سے نکل گیا۔



www.careerindia.com

CAREERINDIA

(i) کرشن چندر کا بچپن آرام اور آسائش سے گزرنے کی کیا وجہ تھی؟

(ii) کرشن چندر کو کس کھیل میں دلچسپی تھی؟ اس کھیل کی وجہ سے ان کو کیا لقب دیا گیا؟

(iii) کھیل کود کے علاوہ کرشن چندر کو اور کن چیزوں سے دلچسپی تھی؟

(iv) کرشن چندر نے جو پہلا ڈراما دیکھا وہ کس کا لکھا ہوا تھا؟

(v) کرشن چندر نے شاعری کا خیال اپنے ذہن سے کیوں نکال دیا؟

2. درج ذیل میں سے کسی **ایک** عنوان پر مضمون لکھیے۔ **1 × 10 = 10**

(i) پسندیدہ استاد

(ii) جہیز کی لعنت

(iii) میری پسندیدہ تاریخی عمارت

3. (a) بہن کی شادی میں جانے کے لئے اپنے پرنسپل صاحب کے نام چار دن کی چھٹی کی درخواست لکھئے۔ **1 × 8 = 8**

**یا (OR)**

(b) اپنی والدہ کو خط لکھ کر ٹور پر جانے کے لئے رقم منگوایئے۔

4. درج ذیل عبارت کا خلاصہ لکھئے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے: **5 + 2 = 7**

"ابتدائی دور کی تمام ہندوستانی متکلم فلمیں بے حد کامیاب ہوئیں۔ یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان کی کامیابی کا راز کیا تھا۔ غیر ملکی فلموں کی زبان کم لوگ سمجھ پاتے تھے۔ پھر ان کی تہذیب و معاشرت بھی مختلف ہوتی تھی۔ ان کا فلسفہ، فکر اور نظریہ بھی مختلف تھا۔ لہٰذا یہاں کا عام قاری اس سے پوری طرح لطف اندوز نہیں ہو پا رہا تھا۔ مادری زبان یا ایسی زبان کے استعمال نے جسے لوگ 'سمجھ سکیں' انھیں مسرور کر دیا۔ اس سے ناظرین جذباتی طور پر متاثر ہوئے۔ وہ ان سے زیادہ لطف اندوز اس لئے بھی ہونے لگے کہ اب انھیں مکمل ابلاغ ہوتا تھا۔

اردو میں بنائی گئی فلموں کا منظر، ماحول اور طرز زندگی و رسم و رواج سے یہاں کا عام آدمی مانوس ہوتا تھا۔ پھر ان فلموں کی کہانیوں میں ان کی اپنی زندگی کے مسائل ہوتے تھے، جس میں وہ زیادہ کشش محسوس کرتے تھے۔"

5. درج ذیل محاوروں کے معنی لکھیے اور انھیں اپنے جملوں میں استعمال کیجیے: **5 × 2 = 10**

(i) پینترا بدلنا (ii) برس پڑنا (iii) سر نیچا ہونا

(iv) پانی پانی ہونا (v) بغلیں بجانا

www.careerindia.com

CAREERINDIA

## حصہ-ب (Section-B)

6. درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جواب دیجیے: 2+1+1+1+2=7

''میگھالیہ کی راجدھانی شیلانگ ہے۔ شیلانگ یہاں کے ایک دیو کا نام ہے۔ اسی کے نام پر اس شہر کا نام شیلانگ رکھا گیا ہے۔ شیلانگ دیوتا کو ناچ اور گانے کا بہت شوق تھا۔ یہی وجہ ہے کہ یہاں کے باشندے آج بھی رقص و سرور کے دلدادہ ہیں۔ شیلانگ کو پہاڑوں کی ملکہ بھی کہا جاتا ہے۔ یہ شہر جدید و قدیم تہذیب کا سنگم ہے۔ یہاں بڑی عمارتوں کے ساتھ پھونس کی جھونپڑیاں بھی جگہ جگہ نظر آتی ہیں۔ انگریزی لباس کے ساتھ آدی باسیوں کی رنگین اور ڈھیلی ڈھالی پوشاکیں بھی دیکھی جا سکتی ہیں۔ کرکٹ، پولو اور گولف یہاں کے پسندیدہ کھیل ہیں۔ ہفتہ کے دن یہاں گھوڑوں کی ریس ہوتی ہے۔ یہاں کا بوٹینیکل پارک بہت مشہور ہے، جس میں دنیا بھر کے تقریباً سبھی قسم کے پودے لگائے گئے ہیں۔ اسی کے قریب ''وارڈ لیک'' نام کی ایک جھیل ہے جو گھوڑے کی نال سے مشابہ ہے۔

(i) میگھالیہ کی راجدھانی کا نام کیا ہے؟ نام رکھنے کی وجہ بھی بتائیے۔

(ii) شیلانگ کے باشندے ناچ گانے کے آج بھی دلدادہ کیوں ہیں؟

(iii) شیلانگ میں کس طرح کا لباس پہنا جاتا ہے؟

(iv) یہاں کے پسندیدہ کھیل کون کون سے ہیں؟

(v) ''وارڈ لیک'' کیا ہے؟ یہ کس چیز سے مشابہ ہے؟

درج ذیل میں سے کسی **ایک** سوال کا جواب کم از کم 100 الفاظ میں لکھیے:

7. (a) مضمون ''بے مثال گلوکارہ – لتا منگیشکر'' کی روشنی میں لتا منگیشکر کی خوبیوں پر ایک نوٹ لکھیے۔ $1 \times 5 = 5$

**یا (OR)**

(b) غالب کی مکتوب نگاری کی خصوصیات لکھیے۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA

8. درج ذیل سوالات میں سے صرف **چار** سوالوں کے جواب لکھیے۔ **4 × 2 = 8**

(i) میگھالیہ کا کلی رقبہ کتنا ہے؟

(ii) ''قورمہ'' سے متعلق رشید احمد صدیقی نے کیا مزاح پیدا کیا ہے؟

(iii) ہمت رائے نے داتے صاحب کو کیا خبر سنائی؟

(iv) لتا کی مقبولیت کا راز کیا ہے؟

(v) چچا نے خط کا جواب لکھنے میں کتنا وقت لگایا؟

(vi) پروفیسر کے۔ بخش پروفیسر بننے سے پہلے کیا کرتے تھے؟

(vii) غالب نے خط بیرنگ بھیجنے کی بات کیوں کہی ہے؟

**یا (OR)**

سبق ''پھول والوں کی سیر'' میں جلوس نے بادشاہ سے کیا انعام پایا؟

9. (a) مثنوی کی تعریف اپنے 100 الفاظ میں لکھیے۔ **1 × 5 = 5**

**یا (OR)**

(b) ساحر لدھیانوی کی شاعری پر 100 الفاظ میں نوٹ لکھیے۔

10. درج ذیل شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالوں کا جواب لکھیے: **5 × 1 = 5**

چلو کہ چل کے سیاسی مقامروں سے کہیں
کہ ہمکو جنگ وجدل کے چلن سے نفرت ہے

جسے لہو کے سوا کوئی رنگ نہ راس آئے
ہمیں حیات کے اس پیرہن سے نفرت ہے

کہو کہ اب کوئی قاتل اگر ادھر آیا
تو ہر قدم پہ زمیں تنگ ہوتی جائے گی

ہر ایک موج ہوا رخ بدل کے جھپٹے گی
ہر ایک شاخ رگ سنگ ہوتی جائے گی

www.careerindia.com

CAREERINDIA

اٹھو کہ آج ہر ایک جنگ جو سے یہ کہہ دیں
کہ ہم کو کام کی خاطر گلوں کی حاجت ہے
ہمیں کسی کی زمیں چھیننے کا شوق نہیں
ہمیں تو اپنی زمیں پر ہلوں کی حاجت ہے

(i) اس نظم کا عنوان کیا ہے؟

(ii) مقامر کے کیا معنی ہیں؟

(iii) شاعر کو حیات کے کس پیرہن سے نفرت ہے؟

(iv) زمین کس کے لیے تنگ ہو جائے گی؟

(v) شاعر ہر ایک جنگ جو سے کیا کہنا چاہتا ہے؟

11. درج ذیل حصّہ الف اور ب میں سے **کوئی ایک** کیجیے:

درج ذیل حصّہ (الف) کے سوالات کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب تلاش کر کے لکھیے: **5 × 1 = 5**

حصہ (الف)

(a) (i) ارسطو نے ڈرامے کے اجزائے ترکیبی میں کتنی چیزوں کو شامل کیا ہے؟

(A) پانچ (B) سات

(C) چھے (D) نو

(ii) 'پھول والوں کی سیر' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) ابن انشا (B) حبیب تنویر

(C) رشید احمد صدیقی (D) مرزا فرحت اللہ بیگ

(iii) 'ذرا فون کر لوں' کا مصنف کون ہے؟

(A) رشید احمد صدیقی (B) امتیاز علی تاج

(C) ابن انشا (D) مرزا فرحت اللہ بیگ

www.careerindia.com

(iv) میر تقی میر کا انتقال کہاں ہوا؟

(A) آگرہ (B) حیدر آباد

(C) دہلی (D) لکھنؤ

(v) مصرع مکمل کیجیے: "ناگاہ مہکتے کھیتوں سے ________ کی صدائیں آنے لگیں۔"

(A) جانوروں کی (B) ٹاپوں کی

(C) فوجیوں کی (D) بادل کے گرجنے کی

**یا (OR)**

(b) درج ذیل حصّہ (ب) میں پوچھے گئے سوالات کے متبادل جواب میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجیے:

حصہ (ب)

(i) مثنوی کس زبان کا لفظ ہے؟

(A) فارسی (B) اردو

(C) عربی (D) ہندی

(ii) ساحر لدھیانوی کے شعری مجموعے کا نام کیا ہے؟

(A) صبح وطن (B) روح رواں

(C) تلخیاں (D) زہر عشق

(iii) "آگرہ بازار" کا مصنف کون ہے؟

(A) حبیب تنویر (B) امتیاز علی تاج

(C) محمد حسن (D) محمد مجیب

(iv) پھول والوں کی سیر میں کس بازار کا ذکر کیا گیا ہے؟

(A) چاندنی چوک (B) دریا گنج

(C) مہرولی (D) نظام الدین

(v) غالب کہاں پیدا ہوئے؟

(A) دہلی (B) اکبر آباد (آگرہ)

(C) رام پور (D) لکھنؤ

---



www.careerindia.com

www.careerindia.com